جمعہ کا خطبہ کوئی اور دے، امامت کوئی اور کروائے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: مفتی محمد قاسم عطاری

فتوی نمبر: FSD-9133

تاریخ اجراء: 06ربیع الثانی1446ھ/10اکتوبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ جو شخص جمعہ کا عربی خطبہ دے، کیا اُسی کا نمازِ جمعہ کی امامت کروانا ضروری ہے یا کسی دوسرے کو بھی امامت کروانے کی شرعاً اجازت ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جو شخص جمعہ کا عربی خطبہ دے، اُسی کے لیے جمعہ کی جماعت کروانا افضل ہے، البتہ اگر ایک شخص خطبہ دے اور دوسرا جماعت کروادے تو یہ بھی جائز ہے۔ ایک ہی شخص کا خطیب وامام ہونا افضل ہے، شرط نہیں، چنانچہ علامہ محمد بن محمد بزّازی رَحْمَةُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ(وِصال:827ھ/1423ء)لکھتے ہیں: نص فی کتب اصحابنا ان اتحاد الامام والخطیب افضل ولکنه لیس بشرط۔ ترجمہ: ہمارے فقہائے احناف کی کتب میں واضح لکھا گیا کہ جمعہ کے لیے امام وخطیب کا "ایک ہونا" افضل ہے، شرط نہیں۔ (الفتاوی البزازیہ، صفحہ66، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

لہذا اگر ایک شخص خطبہ دے اور دوسرا جماعت کروادے، تو یہ بھی جائز ہے، چنانچہ "تنویر الابصار و در المختار" میں ہے: (لا ینبغي أن یصلي غیر الخطیب) لأنهما کشيء واحد (فإن فعل بأن خطب صبي بإذن السلطان وصلى بالغ جاز)۔ ترجمہ: یہ مناسب نہیں کہ خطیب کے علاوہ کوئی نمازِ جمعہ پڑھائے، کیونکہ خطبہ اور نماز ایک ہی چیز کی مانند ہیں۔ البتہ اگر کوئی ایسا کرلے، یعنی سمجھ دار بچہ سلطان کی اجازت سے خطبہ دیدے اور بالغ نماز پڑھادے، تو یہ بھی جائز ہے۔ (تنویر الابصار و در مختار مع رد المحتار، جلد05، صفحہ84، مطبوعہ دار الثقافۃ والتراث، دمشق)

مفتی محمد اجمل قادِری سَنبَھلی رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (وِصال: 1383ھ / 1963ء) سے سوال ہوا کہ خطیب نے خطبۂ جمعہ پڑھ کر دوسرے شخص کو امامت کے لیے آگے بڑھایا، لیکن وہ دوسرا شخص کہتا ہے کہ اگر نماز میں پڑھاؤں گا تو خطبہ دوبارہ پڑھوں گا۔ اِن دونوں افراد میں سے کس کی رائے درست ہے؟ آپ نے جواب دیا: امام اور خطبہ پڑھنے والے کا ایک ہونا ضروری نہیں۔۔۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں دوبارہ خطبہ پڑھنے کی ضرورت نہیں، پہلا خطبہ کافی ہے۔ (فتاوٰی اجملیہ، جلد02، صفحہ280، مطبوعہ شبیر برادرز، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net